کی ترویج کے خیال سے انھوں نے اپنی کتاب کا ایک خلاصہ شایع کیا تھا اب اسی خلاصہ کو ضروری ترمیم اور مفید اضافہ کے بعد سہل قواعد تجوید کے نام سے شایع کیا ہے۔

کتاب صرف دو باب پر مشتمل ہے۔ باب اول میں قرآن پاک کی تعلیم و تعلم کی فضیلت درفنِ تجوید کی تعریف و تعارف کے بعد دس فصلوں میں مخارج حروف، صفات حروف، لام جلالہ وغیرہ، قواعد را، نون ساکن و تنوین، میم ساکن و میم نون مشدد، ہائے ضمیر، مد و قصر، وقف و ابتدار کے مسائل بیان کئے ہیں اور ہر فصل کے اخیر میں مشقی سوالات بھی درج ہیں۔ باب دوم متفرق فوائد و مسائل پر مشتمل ہے۔ تجوید کے ابتدائی درجوں میں یہ کتاب بہت مفید ثابت ہوگی۔

علماء ہند کا شاندار ماضی جلد ۲
ہندوستانی مسلمان اور تحریک آزادی

تقطیع خورد۔ ضخامت ۴۰۴ صفحے، طباعت و کتابت دیدہ زیب قیمت مجلد ہے، پتہ:۔ الجمعیۃ بک ڈپو قاسم جان سٹریٹ دہلی۔ مصنفہ مولانا سید محمد میاں صاحب ناظم جمعیۃ علماء ہند۔

اس سلسلہ کی پہلی جلد ۱۹۳۹ء میں شائع ہو کر ملک میں قبولِ عام حاصل کر چکی ہے اب اٹھارہ انیس سال کے بعد دوسری جلد ۱۹۵۷ء کے وسط میں شائع ہوئی ہے جس میں مصنف علامہ نے حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ و ران کے خانوادۂ عالیہ کے مجوزہ سیاسی پروگرام کی تشریح و تنقید کے جملہ تاریخی پہلوؤں کو بڑی جامعیت سے واضح فرمایا ہے۔ اس پروگرام کو عملی جامہ پہنانے میں جن عظیم شخصیتوں نے اپنے ایثار و فرض شناسی کے تابناک نقوش صفحۂ تاریخ پر چھوڑے ہیں ان کے مجاہدانہ کارناموں اور انقلابی اقدامات کے سلسلہ میں تمام تاریخی حقائق کو مرتب فرما کر محترم مصنف نے ملک و قوم کو اپنا مرہون منت بنا لیا ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ، حضرت شاہ عبد العزیز، سید احمد شہید مولانا اسماعیل شہید اور ان حضرات کے اعوان و انصار کی انقلاب انگیزیوں کے علاوہ اٹھارویں صدی عیسوی کے سیاسی ماحول سے متعلق بہتیرے جزئیات اس مقدس صحیفہ میں یکجا مرتب نظر آتے ہیں۔

لکھنو اور جنگ آزادی تقطیع خرد۔ ضخامت ۱۳۶ صفحات، کاغذ و طباعت بہتر۔ قیمت عہ پتہ۔ ادبی اکیڈمی نیا گاؤں لکھنو

۱۸۵۷ء کی تحریک آزادی کی صد سالہ یادگار کے موقعہ پر مختلف زبانوں میں چھوٹی بڑی کتابوں اور مقالات کی اشاعت ہو چکی ہے۔ زیر تبصرہ کتاب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے جو دراصل مجموعہ ہے